اقامتِ دین کا کام از شبیر احمد منظر قدوسی - ناشر: ادارہ صدائے سحر، بنگلور ۴-
کرناٹک، ہند۔ طباعت صاف، سرورق خوشنما - قیمت: ۴/ روپے
اس پمفلٹ کا پورا نام تو ہے "اقامتِ دین کا کام، کہاں اور کیسے ہو؟" مضمون اس کا یہ ہے کہ تحریکی دعوتی کام کا نہایت اہم دائرہ گھر ہے۔ گھر میں پورے زور سے کام ہونا چاہیے اس کام کے شعبے، اس کے موضوعات، اس کی راہیں اور اس سے متعلق مسائل اور پیچیدگیاں سب کو سامنے رکھ کر مؤلف نے بڑی خوبی سے اپنا مدعا پیش کیا ہے۔

قافلۂ حق از ابن عبدالشکور - ناشر: مکتبہ ذکریٰ، رام پور، یوپی - ۲۴۴۹۰۱ - انڈیا-
پاکستان میں پتہ: اسلامی پبلیکیشنز، لمیٹڈ، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور - طباعت بہت نفیس-
قیمت: ۱/۷۵
اس پمفلٹ میں یہ دکھایا گیا ہے کہ تحریک مجاہدین کے سربراہوں کی شہادت (۱۸۳۱ء) سے اقامتِ دین کے کام میں جو تعطل شروع ہوا وہ ایک سو دس برس بعد (۱۹۴۱ء) میں جماعت اسلامی کے قیام سے از سرِ نو شروع ہو گیا ہے۔ بعد ازاں سید مودودیؒ کی دعوت اور تعلیمات اور ابتدائی دور کے تحریکی حالات محفوظ کیے گئے ہیں۔

مقدمۂ الحاق من جانب شعبہ پارلیمانی، جماعتِ اسلامی جموں و کشمیر-
اس پمفلٹ میں انڈیا سے ریاست جموں و کشمیر کے الحاق کی سازش کو محور گفتگو بنا کر ظلم و جبر کی اس پالیسی کے خلاف آواز اٹھائی گئی ہے، جو جماعتِ اسلامی مقبوضہ جموں و کشمیر کے خلاف بھارتی اور کشمیری حکمرانوں نے مشترک طور پر اختیار کر رکھی ہے۔